سوال

(503) رقعہ پر انت طلاق لکھ کر بھیجنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

«الاول : (الرَّجلُ یُطَلِّقُ امْرَأتَہ بِلَفظِ اَنتِ بَائِنٌ فَہَل یُعَدُّ ہٰذا اللَّفظُ (اَی اَنتِ بَائِنٌ) طَلَاقًا بَائِنًا اَو طَلَاقًا رَجعیًّا)

اَلْمَسْأَلَۃُ الثَّانِیَۃُ : اَلرَّجُلُ یُرسِلُ اِلٰی امْرَأتِہٖ رُقْعَۃً یَکتُبُ فِیْہَا لَفظَ اَنتِ طَالِقٌ فَبَعدَ مُدَّۃٍ مَثَلاً بَعدَ اُسْبُوعٍ زَعَمَ اَنَّ رُقْعَتَہُ الْمُرسَلَۃَ اِلٰی زَوْجَتِہٖ مَا بَلَغَتْ اِلَیْہَا فَکَتَبَ اِلَیْہَا رُقْعَۃً اُخْرٰی کَتَبَ فِیْہَا اَنتِ طَالِقٌ وَمَا اَرَادَ بِاَنتِ طَالِقٌ ثَانٍ تَجْدِیْدَ الطَّلَاقِ بَلِ الْمُرَادُ مِنْہَا الَّتِیْ کُتِبَتْ فِی الرُّقْعَۃِ الْمُرسَلَۃِ قَبْلَ ہٰذِہِ الْاُسْبُوعِ ثُمَّ ظَنَّ اَنَّ ہٰذِہِ الرُّقْعَۃَ مَا بَلَغَتْ اِلَیْہَا فَکَتَبَ اِلَیْہَا رُقْعَۃً بَعدَ اُسْبُوعٍ فِیْہَا اَنتِ طَالِقٌ وَمَا اَرَادَ بِہٰذِہِ الْجُمْلَۃِ اِلَّا الَّتِیْ کَتَبَہَا فِیْ اَوَّلِ الرُّقْعَۃِ ہَلْ یُعَدُّ الطَّلَاقُ بِہٰذِہِ الطَّرِیْقَۃِ وَاحِدًا رَجعِیًّا اَو ثَلَاثًا»

الاول : ایک آدمی اپنی بیوی کو اَنتِ بَائِنٌ کے لفظ سے طلاق دیتا ہے کیا اس لفظ سے دی گئی طلاق بائن ہوگی یا طلاق رجعی ؟

الثانی : ایک آدمی اپنی بیوی کو ایک رقعہ بھیجتا ہے اور اس میں اَنتِ طَالِقٌ کا لفظ لکھتا ہے تو کچھ مدت کے بعد مثلاً ایک ہفتہ کے بعد وہ سمجھتا ہے کہ اس کا بھیجا ہوا رقعہ اس کی بیوی تک نہیں پہنچا پھر وہ اس کی طرف دوسرا رقعہ لکھتا ہے جس میں اَنتِ طَالِقٌ لکھتا ہے اور وہ دوسرے اَنتِ طَالِقٌ سے نئی طلاق کا ارادہ نہیں کرتا ۔ بلکہ دوسرے رقعہ سے مراد پہلی طلاق ہی ہے جو ایک ہفتہ پہلے بھیجی گئی ہے پھر وہ سمجھتا ہے کہ یہ رقعہ اس کو نہیں ملا تو ایک ہفتہ کے بعد وہ تیسرا رقعہ لکھ کر بھیج دیتا ہے اس میں اَنتِ طَالِقٌ لکھتا ہے اور اس جملہ سے اس کی مراد وہی ہے جو پہلے رقعہ میں لکھا تھا کیا اس طریقہ سے دی ہوئی طلاق ایک رجعی طلاق ہوگی یا تین طلاقیں ہو جائیں گی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

«قَدْ سَأَلْتَنِیْ عَنْ أَمْرَیْنِ ، وَجَوَابُہُمَا کَمَا یَأتِیْ بَعْدَ بِتَوْفِیْقِ اﷲِ جَاعِلِ الْمُلَوَّیْنِ»

«اَلْأَوَّلُ : یُعَدُّ طَلَاقًا رَجْعِیًّا ۔ اَلثَّانِیْ : یُجْعَلُ طَلَاقًا وَاحِدًا رَجْعِیًّا»

’’آپ نے مجھ سے دو سوال کیے ہیں اور ان کا جواب درج ذیل ہے اللہ کی توفیق سے جو دن رات کو بنانے والا ہے ۔ الاول : طلاق رجعی شمار کی جائے گی ۔ الثانی : ایک رجعی طلاق شمار کی جائے گی ‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طلاق کے مسائل ج1 ص346

محدث فتویٰ